تمام اہل وطن کو یوم قرارداد پاکستان مبارک ہو (انجینئر محمد جاوید)

23 مارچ کے موقع مبارکباد آج کے تاریخ ساز عہد کرنا چاہیئے کہ جس مقصد کیا گیا تھا اس کو پورا کرنے تا کہ معیشت کا پہیہ تیزی معاشی استحکام آئے حکومت اوورسیز پاکستانیوں کو ذاتی ٹیکس ادا کر کے اپنی گاڑی پر پوری پاکستانی قوم کو دلی دن پر سب کو مل کر یہ کے لیئے یہ ملک حاصل کے لیئے سخت محنت کریں سے چلے اور ملک میں کو چاہیئے استعمال کے لیئے مناسب لانے کی اجازت دے اس کے علاوہ انکو پاکستان میں درپیش مسائل کے حل کے لیئے خصوصی عدالتوں کا قیام بہت ضروری ہے۔ اللہ تعالی ہمیں پاکستان کی سلامتی وترقی کے لیئے کام کرنے کی توفیق عطا فرمائے آمین ثم آمین ان خیالات کا ظہار چیف ایگزیکٹو آفیسرال اجنیہا الیکٹرو مکینیکل وممتاز سماجی کارکن انجینیر محمد جاوید نے نمائیندہ اردو ویکلی سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔

تمام پاکستانی بھائیوں کو قومی دن مبارک (شاہد اصغر بنگش)

ممتاز سماجی کارکن مینجنگ پارٹنر کراچی سٹار ریسٹورنٹ شارجہ شاہد اصغر بنگش نے 82 ویں یوم قرارداد پاکستان کے تاریخی دن پر اظہار خیال کرتے ہوئے پوری پختون کمیونٹی اور یواے ای میں مقام تمام اہل وطن کو یوم پاکستان مبارک ہو۔ اللہ تعالی نے ہمیں قدرتی نعمتوں سے مالا مال ایک عظیم ملک سے نوازا جہاں دنیا بھر کی تمام نعمتیں موجود ہیں اس میں کوئی شک نہیں کہ پاکستان ایک عظیم ملک ہے اور ہماری خوش قسمتی ہم ایک آزاد ملک میں پیدا ہوئے ہمیں اس آزادی کی قدر کرنی چاہیئے اللہ تعالی ہمارے حکمرانوں کو درست فیصلے کرنے کی توفیق عطا فرمائے آمین (پاکستان زندہ باد)

تمام اہل وطن کو قومی دن مبارک (راجہ محمد طارق)



مینجنگ ڈائریکٹر الراجا گروپ آف کمپنیز ابوظہبی راجہ محمد طارق نے 82 ویں یوم قرارداد پاکستان پر تمام اہل وطن کو قومی دن کی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا میری اور ادارے کی جانب سے پوری پاکستانی قوم کو قومی دن مبارک ہو ہمیں اس دن پر عہد کرنا چاہیئے کہ ہم ملک کی تعمیر وترقی کے لیئے مل کر کام کریں گے خدہم سب کا حامی وناصر ہو (پاکستان زندہ باد)

ملکی حالات پلک جھپکتے تبدیل نہیں ہوجاتے (ظہیر احمد اعوان)

پاکستان کا وقار بحال ہو رہا ہے قرضوں کی لعنت سے جان چھڑائی جارہی ہے مگر اس میں کچھ وقت لگے گا ہمیں چاہیئے کہ وزیراعظم پاکستان عمران خان کا ساتھ دیں اور تنقید برائے تنقید کی بجائے ملک کے بہتر مفاد کے لیئے اپنی صلاحیتوں کا بہتر استعمال کریں جلد ملک سے مایوسی کے بادل چھٹ جائینگے انشاءاللہ ملک میں خوشحالی کا دور دورہ ہوگا ان خیالات کا اظہار چیئرمین انجینیر زآف پاکستان ان ایمیریٹس ظہیر احمد اعوان نے یوم قرارداد پاکستان کے موقع پر نمائندہ اردو ویکلی سے گفتگو کرتے ہوئے کیا ظہیر اعوان نے کہا میری اور ایگزیکٹو کمیٹی کی جانب سے تمام اہل وطن کو دل کی اتھاہ گہرائیوں سے قومی دن کی مبارکباد۔ (پاکستان زندہ باد)

پاکستان کے قونصل جنرل جناب حسن افضل خان کا پیغام

82 ویں یوم پاکستان کے موقع پر
23 مارچ 2022

یوم پاکستان کے موقع پر میں متحدہ عرب امارات میں مقیم اپنے ہم وطنوں کو دلی مبارکباد پیش کرنا چاہتا ہوں۔

آج ہم 82واں یوم قرارداد پاکستان منا رہے ہیں۔ یہ 23 مارچ 1940 کا دن تھا جب قائداعظم محمد علی جناح کی دانشمندانہ قیادت میں برصغیر کے مسلمانوں نے لاہور میں قرارداد پاکستان منظور کر کے آزادی اور قومیت کی طرف اپنے سفر کا آغاز کیا۔ اپنے غیر متزلزل عزم کے ذریعے برصغیر کے مسلمانوں نے ایک علیحدہ وطن پاکستان تشکیل دیا جہاں وہ امن اور ہم آہنگی کے ساتھ اپنی زندگی گزار سکیں۔ اس آزادی کے حصول کے لیے ہمارے آبا اجداد نے بے پناہ قربانیاں دیں۔ آج ہم اپنے آبا اجداد کو اپنے خوبصورت وطن کی تخلیق میں ان کی جدوجہد اور قربانیوں پر خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔

میں اس موقع کو پاکستان کی خوشحالی اور ترقی میں بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کے کردار اور شراکت کو سراہتا ہوں۔ تارکین وطن کمیونٹی نہ صرف قیمتی ترسیلات وطن واپس بھیج رہی ہے بلکہ اپنے میزبان ملک کی ترقی میں بھی بہت زیادہ حصہ ڈال رہی ہے۔ متحدہ عرب امارات میں 1.6 ملین پاکستانیوں کی موجودگی دونوں ممالک کے درمیان عوام پر مبنی تعلقات کا مظہر ہے۔ میں یواے ای میں پاکستانی کمیونٹی سے درخواست کرتا ہوں کہ وہ اسی عزم اور محنت کے ساتھ کام جاری رکھیں۔

آخر میں، ہمیں متحدہ عرب امارات، اس کے عوام اور قیادت کے شکر گزاری کا قرض نہیں بھولنا چاہیے، جو اچھے اور برے وقت میں پاکستان کے ساتھ یکجہتی کے ساتھ کھڑے رہے۔ متحدہ عرب امارات کے ساتھ ہمارے دیرینہ مذہبی، ثقافتی، تہذیبی اور اقتصادی روابط ہیں۔ یہ ایک ایسا رشتہ ہے جس کی بنیاد باہمی محبت اور باہمی اعتماد پر ہے۔ ہمیں یقین ہے کہ یہ باہمی فائدہ مند رشتہ آنے والے سالوں میں مزید وسعت اور تنوع پیدا کرے گا۔

میں اس موقع پر متحدہ عرب امارات میں مقیم پاکستانیوں کو ایک بار پھر اپنی مخلصانہ مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ اللہ تعالی سے دعا ہے کہ وہ ہمیں اپنے عظیم ملک کی خلوص نیت سے خدمت کرنے کی توفیق عطا فرمائے اور پاکستان کو مزید ترقی وخوشحالی کی راہ پر گامزن کرے۔

پاکستان زندہ باد
پاکستان یواے ای دوستی پائندہ آباد۔

پاکستان کا سبز پاسپورٹ ہماری پہچان ہے (خواجہ عبدالوحید پال)

معروف سماجی کارکن وسینئیر نائب صدر پاکستان مسلم لیگ (ن) یواے ای خواجہ عبدالوحید پال نے پاکستان کے 82 ویں یوم قرارداد پاکستانکے موقع پر پوری پاکستانی قوم کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان اللہ کا خاص انعام ہے جو ہر قسم کی قدرتی نعمتوں سے مالا مال ہے ہمیں اپنے ملک کی قدر کرنی چاہیے (پاکستان زندہ باد)

پاکستان ہماری شناخت ہے (قیصر انیس سید)



یواے ای میں بسنے والے تمام اوورسیز پاکستانیوں کو یوم پاکستان کی خوشیاں مبارک ہوں آج کے تاریخ ساز دن پر ہمیں یہ عہد کرنا ہوگا کہ ہم پاکستان کے تحفظ اور استحکام کے لیئے محنت اور دیانت داری سے اپنے فرائض سرانجام دینگے بیرون ملک قیام کے دوران ہمیں تمام مقامی قوانین کا احترام کرنا چاہیئے اور ملک کا وقار بلند کرنا چاہیئے ان خیالات کا اظہار صدر پاکستان بزنس کونسل ابوظہبی ڈاکٹر قیصر انیس سید نے یوم قرارداد پاکستان کے موقع پر نمائیندہ اردو ویکلی سے گفتگو کرتے ہوئے کیا

پاکستان دنیا کا خوبصورت ترین ملک ہے (سہیل خاور)



معروف سماجی شخصیت مینجنگ ڈائریکٹر بقالہ الحجاج ومعروف صحافی سہیل خاور نے یوم قرارداد پاکستان 23 مارچ پر اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ آزادی پاکستان کے لیئے ہمارے بزرگوں نے اپنی جانیں قربان کیں اور ہمیں آزادی جیسی عظیم نعمت دلوائی مگر ہم نے انکی قربانیوں کی قدر نہیں کی، آج کے تاریخ ساز دن پر پوری قوم کو یہ عہد کرنا ہوگا کہ ہم ذاتی مفادات سے بالاتر ہو کر ملکی بقا کی خاطر قدم سے قدم ملا کر چلیں گے اور ملک کی تعمیر وترقی اور خوشحالی کے لیئے سخت محنت کریں گے (پاکستان زندہ باد)

پاکستان ہماری جان ہماری پہچان ہے (طارق جاوید قریشی)

قیام پاکستان کے لیئے ہمارے بزرگوں نے اپنی جانیں قربان کیں اور ہمیں آزادی جیسی عظیم نعمت دلائی ہمیں ان قربانیوں کو فراموش نہیں کرنا چاہیے، آج کے تاریخ ساز دن پر پوری قوم کو یہ عہد کرنا ہوگا کہ ہم ذاتی مفادات سے بالاتر ہو کر ملکی بقا کی خاطر قدم سے قدم ملا کر چلیں گے ان خیالات کا اظہار مینجنگ ڈائیریکٹر رائٹ وے جنرل ٹرانسپورٹ ابوظہبی طارق جاوید قریشی نے یوم قرارداد پاکستان 23 مارچ پر نمائیندہ اردو ویکلی سے گفتگو کرتے ہوئے کیا (پاکستان زندہ باد)

پاکستان کے قومی دن پر تمام اہل وطن کو مبارک (ڈاکٹر طلعت محمود بٹ)



ممتاز سماجی شخصیت ڈاکٹر طلعت محمود بٹ نے پاکستان کے قومی دن پر اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اتنا عرصہ گزرنے کے باوجود ہمارے سیاستدانوں میں ابھی تک پختگی نہیں آئی عوام کو سہولت دینے کی بجائے مزید مصائب میں مبتلا کر رہے ہیں اوورسیز پاکستانیوں کا کوئی پرسان حال نہیں جبکہ اوورسیز نے ہمیشہ پاکستان کی خدمت کو فریضہ سمجھا ہمیں سنجیدگی سے ملک کو آگے لیجانے میں اہم کردار ادا کرنا ہوگا پوری پاکستانی قوم کو یوم پاکستان مبارک (پاکستان زندہ باد)

پاکستان ہمارے آباؤ اجداد کی نشانی ہے (حافظ طارق محمود)



تمام اہل وطن کو یوم قرارداد پاکستان مبارک ہو آج کا دن بڑی اہمیت کا حامل ہے ہمارے آباؤ اجداد نے بیشمار مصائب کے بعد ہمارے لیئے آزاد ملک کی بنیاد رکھی ہمیں اپنے بزرگوں کی قربانیوں کو فراموش نہیں کرنا چاہیئے بلکہ ان کے احسان کے بدلے سخت محنت کریں تا کہ ملک مضبوط ہو اور ترقی کا تیز رفتار پہیہ گردش کرے ان خیالات کا اظہار مینجنگ ڈائیریکٹرز رکوٹریول العین وصدر علماء مشائخ ونگ آزاد جموں وکشمیر حافظ طارق محمود نے نمائیندہ اردو ویکلی سے یوم پاکستان پر اپنے دلی جذبات کا اظہار کرتے ہوئے کیا (پاکستان زندہ باد)

وطن سے محبت خون میں شامل ہے (طارق محمود راجہ)

وطن عزیز سے محبت ہماری رگوں میں شامل ہے کیونکہ پاکستان ایک عظیم ملک ہے صرف معاشی ومعاشرتی ناانصافی نے اس ملک کی جڑوں کو کھوکھلا کیا یہی وجہ ہے کہ ملکی ترقی کا پہیہ سست رفتاری کا شکار ہو گیا مینجنگ ڈائریکٹر البراعہ جنرل ٹرانسپورٹ اور محبِ وطن پاکستانی طارق محمود راجہ نے پاکستان کے قومی دن کے موقع پر اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ 23 مارچ کا دن بڑی اہمیت کا حامل ہے آیئے آج ہم یہ عہد کریں کہ ہم اس ملک کی عظمت اور سلامتی کی خاطر اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کریں گے اور ملک کی تعمیر وترقی کے لیئے دن رات محنت کریں گے (پاکستان زندہ باد)

پاکستان جان سے زیادہ عزیز ہے (طارق محمود)

یوم قرارداد پاکستان پر پوری قوم کو خوشیاں مبارک ہوں اللہ تعالی ہمارے ملک کو ترقی، خوشحالی نصیب فرمائے ملک سے بیروزگاری، جہالت کا خاتمہ ہو اور پوری دنیا میں پاکستان کا وقار بلند ہو یہی ہماری دلی تمنا ہے ان خیالات کا اظہار عرصہ دراز سے یواے ای میں مقیم ڈائیریکٹر آپریشنز ریڈ کوبن جمعہ ریڈی مکس طارق محمود نے پاکستان کے قومی دن پر نمائیندہ اردو ویکلی سے گفتگو کرتے ہوئے کیا (پاکستان زندہ باد)

تمام پاکستانیوں کو یوم قرارد پاکستان مبارک ہو (خالد حسین چوہدری)

23 مارچ کا دن مسرتوں اور خوشیوں کا دن ہے ہماری پہچان پاکستان ہے اور پاکستان کی سلامتی ہمیں جان سے بھی زیادہ عزیز ہے اگر پاکستان ہے تو ہم سب ہیں لہذا ہمیں اپنی ارض پاک کی تہہ دل سے عزت کرنی چاہیے اور اس کی سلامتی وترقی کے لیئے سخت محنت کرنی چاہیئے تا کہ ملک ترقی کرے اور عوام کا معیار زندگی بلند ہو ان خیالات کا اظہار صدر پاکستان سوشل سینٹر شارجہ خالد حسین چوہدری نے پاکستان کے قومی دن کے موقع پر تمام اہل وطن کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کیا۔

اہل وطن کو یوم قرارداد پاکستان مبارک ہو (خضر باجوہ)

مینجنگ ڈائیریکٹر حراکات گروپ آف کمپنیز (ویسٹرن ریجن بداع زاید) ابوظہبی خضر اقبال باجوہ نے 23 مارچ کے تاریخ ساز دن پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ آج کا دن بڑی اہمیت کا حامل ہے ہمارے آباؤ اجداد نے بیشمار مصائب برداشت کر کے ہمارے لیئے آزاد ملک کی بنیاد رکھی ہمیں اپنے بزرگوں کی قربانیوں کو فراموش نہیں کرنا چاہیئے اور اس کو مدنظر رکھتے ہوئے پاکستان کی ترقی وکامیابی کے لیئے سخت محنت کرنی چاہیئے تا کہ پوری دنیا میں پاکستان کا وقار بلند ہو (پاکستان زندہ باد)

تمام اہل وطن کو یوم پاکستان مبارک ہو (حاجی دراز خان)

تمام اہل وطن کو یوم پاکستان مبارک ہمارے آباؤ اجداد نے لاکھوں قربانیوں کے بعد پیارا وطن پاکستان حاصل کیا آج کے تاریخ سازدن پر ہمیں آزادی کی جدوجہد کرنے والے ہیروز کو نہیں بھولنا چاہیے ہمیں پاکستان کے وقار کو ہمیشہ بلند رکھنا چاہیئے ہمیں دیار غیر میں رہتے ہوئے دکھی انسانوں کا خیال اور انکی مدد کرنی چاہیے اللہ تعالی ہمیں نیکی اور کار خیر کے کام کرنے کی توفیق عطا فرمائے آمین ان خیالات کا اظہار ممتاز سماجی کارکن، صدر پختون آرگنائیزیشن حاجی دراز خان (تمغہ امتیاز) نے یوم قرارداد پاکستان پر نمائندہ اردو ویکلی سے گفتگو کرتے ہوئے کیا (پاکستان زندہ باد)